مجاہدین، داعی حضرات اور مسلمان صحافیوں کے نام

الحمد للہ ربّ العالمین والصلاۃ والسلام علی رسولہ الکریم وبعد

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

اللہ تبارک وتعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں ہدایت سے نوازیں، صراطِ مستقیم پر چلنے والا اور اپنے راستے میں جہادِ حق کرنے والا بنائیں، آمین۔

اس خط کے ساتھ آپ کی خدمت میں ادارہ السّحاب برِّصغیر کی جانب سے "الحدید نیوز رپورٹ" پیش کی جا رہی ہے۔ القاعدہ برِّصغیر کی اب تک کی کارروائیوں پر مشتمل اس نئے سلسلے کے تحت ویڈیو رپورٹیں اور تجزیے، تحریری رپورٹیں اور تجزیے، گراف یا خاکے اور پوسٹر وغیرہ ان شاء اللہ نشر کیے جائیں گے۔ اس سلسلے کے لیے ادارہ السّحاب برِّصغیر نے سوشل میڈیا کے لیے ایک ہیش ٹیگ (hashtag) کا اجراء بھی کیا ہے، جو اس خط کے آخر میں درج کر دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس کوشش کو شرفِ قبولیت بخشے اور اس پیشکش کو مومنین کے سینوں کی ٹھنڈک اور منافقین و کفّار کے دِل کی جلن بنا دے، آمین۔

مجاہدینِ عالی قدر کے نام بالعموم اور داعی مجاہدین کے نام بالخصوص

محترم مجاہدین!

امتِ مسلمہ اور بالخصوص امتِ مسلمہ کے محافظ مجاہدین وقت کے ایک نازک مرحلے سے گزر رہے ہیں۔ کفار اور ان کے مقامی ایجنٹ راحیل و نواز شریف اہلِ اسلام کے خلاف آخری زور لگائے ہوئے ہیں۔ شریعت سے محبت کرنے والوں اور شریعت کو اپنا نظامِ حکومت دیکھنے کی خواہش رکھنے والوں کی فتح اللہ کے حکم سے قریب ہے۔ اللہ کے حکم سے اللہ کے ولیوں کی وہ فتح قریب ہے، جب اسلام آباد، دہلی، ڈھاکہ، برما اور برما سے بھی آگے تک اللہ کی توحید کا پرچم لہرایا جائے گا۔ ایسے حالات میں پاکستان کی شریعت سے باغی فوج اور فوج کے پراپیگنڈے کے ادارے آئی ایس پی آر، پاکستان کی حکومت، پاکستان کے شریعت دشمن خفیہ ادارے، پولیس اور دین دشمن میڈیا کے اداروں میں بیٹھے سازشی دماغ اور لادین سول سوسائٹی کے لوگ اسلام دشمنی پر مبنی امریکی و صلیبی جنگ کو پاکستان کی سالمیت کی جنگ قرار دے رہے ہیں۔ دوسری طرف یہی دشمنانِ شریعت مجاہدین کے خاتمے، ان کی کمر توڑ دینے اور حکومت و فوج کی فتح یابی کی خبریں سنا رہے ہیں۔

حقیقتِ حال کو واضح کرنے، حق کو بیان کرنے، شریعت کے دشمنوں کی شکست و بوکھلاہٹ اور اللہ کے راستے کے مجاہدین اور امتِ مسلمہ کی فتح اور پیش رفت کو واضح کرنے کے لیے ادارہ السّحاب برِّصغیر "الحدید نیوز رپورٹ" آپ کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہے۔

یہ سلسلہ میدانِ جہاد سے دور اور حالات کی حقیقت سے ناواقف ہمارے محبوب مجاہدین اور مسلمانوں کے لیے خاص طور پر تیار کیا گیا ہے۔ اللہ کے دین کا درد رکھنے والے مجاہدین اور داعی حضرات سے گزارش ہے کہ اس پیشکش کو پھیلانے میں زیادہ سے زیادہ حصہ لیں، بلاشبہ یہ کام جہاد کی بہترین قسموں میں سے ایک ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمانِ مبارک ہے:

جاهدوا المشركين باموالكم و انفسكم والسنتكم

"مشرکین (یعنی دشمنانِ اسلام) سے تم اپنی جان، اپنے مال اور اپنی زبان کے ذریعے جہاد کرو۔" (ابو داود)

عالمِ عرب کے معروف عالمِ دین، شیخ حمود بن عقلاء الشعیبی رحمہ اللہ درج بالا حدیث میں "والسنتکم" یا اپنی زبانوں سے جہاد کرنے کے معنیٰ و تشریح میں درج ذیل اعمال کو بھی تحریر فرماتے ہیں:

1. مجاہدین کی کامیابی کی خبر عامۃ المسلمین تک پہنچانا
2. دشمن کی شکست کو نشر کرنا

اللہ تعالیٰ ہمارے اعمال کو شرفِ قبولیت بخشے اور ہم سے راضی ہو جائے، آمین۔

مسلمان صحافیوں کے نام

صحافت ایک امانت طلب پیشہ ہے۔ نبیٔ مہربان صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمانِ مبارک ہے:

اِنّ من أعظم او افضل الجهاد كلمة حق عند سلطان الجائر

"بلاشبہ سلطانِ جابر کے سامنے کلمۂ حق بلند کرنا جہاد کی عظیم ترین یا افضل ترین قسم ہے۔" (ترمذی و ابو داود)

یہ جہاد، جہادِ اعظم کیوں ہے؟ شہید امام شیخ عبد اللہ عزّام رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''وہ مجاہد جو میدانِ جنگ میں لڑتا ہے، اس کے دل میں خوف اور امید دونوں موجود ہوتی ہیں، لیکن سلطانِ جابر کے سامنے کلمۂ حق کو بلند کرنے والے کے دل میں بچنے کی امید نہ ہونے کے برابر اور مارے جانے کا خوف زیادہ ہوتا ہے، اسی طرح اس کلمۂ حق کا فائدہ ساری امت کو براہِ راست پہنچتا ہے، جبکہ میدان میں موجود مجاہد کا فائدہ اس کی نسبت کم ہے کیونکہ یا تو وہ خود شہید ہو گا یا ایک کافر کو قتل کرے گا، سو اس کا فائدہ کم ہو گا۔''

پس اہلِ صحافت میں سے جو بھائی، اللہ کے سامنے پیش ہونے کا یقین رکھتے ہیں اور ان اعلیٰ فضیلتوں کو حاصل کرنا چاہتے ہیں انہیں چاہیے کہ وہ مجاہدین کی خبریں نشر کریں اور امتِ مسلمہ کے سامنے پیش کریں۔ موجودہ حالات میں ان خبروں کو پیش کرنے کی اہمیت اس لیے، اور بھی بڑھ جاتی ہے کہ پاکستانی فوج کے جبر کے باعث مجاہدین کی کارروائیوں اور مجاہدین کے مؤقف کو میڈیا پر بالکل نظر انداز کیا جارہا ہے۔ بالخصوص شمالی وزیرستان اور پاکستان بھر میں جاری آپریشن کے بعد سے گزشتہ سال اور رواں سال کی جہادی کارروائیوں اور مجاہدین کے مؤقف کو پیش کرنے کے حوالے سے، پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا پر مکمل بلیک آؤٹ رہا ہے۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کے اعمال قبول فرمائیں اور ہمارے حامی و ناصر ہو جائیں، آمین۔

جزاکم اللہ خیراً کثیراً

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحدید نیوز رپورٹ پر تبصروں اور مشوروں کے لیے سوشل میڈیا پر ہیش ٹیگ: #AMS_AlHadeed

ادارہ السّحاب برِّ صغیر تک تبصرے اور مشورے پہنچانے کے لیے ہیش ٹیگ: #AMSFeedback